سوال

(162) دوران جماعت مقتدی فاتحہ کب پڑھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب امام نماز پڑھا رہا ہو تو مقتدیوں کے لیے کیا حکم ہے کہ سورۃ فاتحہ کس وقت پڑھیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے : «لاَصَلٰوةَ لِمَن لَّم یَقرَأ بِفَاتِحَةِ الکِتَابِ» (صحیح بخاری۔کتاب الاذان۔باب وجوب القراءة للامام والماموم فی الصلوت کلها فی الحضر والسفر وما یجهر فیها وما یخافت)

''جس نے سورۃ فاتحہ نہ پڑھی اس کی کوئی نماز نہیں''

تو مقتدی کے لیے بھی نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے خواہ وہ امام کے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے ساتھ پڑھے خواہ پہلے خواہ بعد شریعت نے مقتدی کو ان تین صورتوں میں سے کسی ایک صورت کا پابند نہیں بنایا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص 143

محدث فتویٰ